## کراچی میں ڈکیتیوں، اغواء برائے تاوان اور دیگر سنگین جرائم میں مذہبی انتہا پسند ملوث ہیں۔ رابطہ کمیٹی

## شاہ لطیف ٹاؤن کراچی سے مذہبی انتہا پسند دہشت گردوں کی بھاری تعداد میں اسلحہ سمیت گرفتاری پر تبصرہ

کراچی ۔۔۔ 31 جنوری 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شاہ لطیف ٹاؤن کراچی سے دہشت گردوں کی بھاری تعداد میں اسلحہ سمیت گرفتاری پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اطلاعات کے مطابق مذکورہ دہشت گرد ایک مذہبی انتہا پسند تنظیم سے تعلق رکھتے ہیں جو نہ صرف دہشت گردی اور قتل و غارتگری میں ملوث ہیں بلکہ بینک ڈکیتیوں میں بھی ملوث تھے اور اغوا برائے تاوان میں بھی ملوث تھے اور ان کے قبضہ سے ایک مغوی شخص بھی برآمد ہوا ہے جسے ان دہشت گردوں نے تاوان کیلئے اغواء کر کے اپنے قبضہ میں رکھا ہوا تھا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام خود دیکھ سکتے ہیں کہ سندھ خصوصاً کراچی میں جرائم، ڈکیتیوں، اغواء برائے تاوان اور دیگر وارداتوں میں کون لوگ ملوث ہیں؟ انہوں نے کہا کہ سندھ خصوصاً کراچی میں سنگین جرائم کی وارداتوں کی وجہ سے عوام بے انتہا پریشان ہیں تاہم مذہبی انتہا پسند دہشت گردوں کی گرفتاری اور یہ حقیقت سامنے آنے پر کہ کراچی میں ڈکیتیوں، اغواء برائے تاوان اور دیگر سنگین جرائم میں مذہبی انتہا پسند ملوث ہیں۔ عوام خصوصاً اہالیانِ کراچی دیکھ سکتے ہیں کہ کراچی میں جرائم میں کون لوگ ملوث ہیں اور اللہ رسولؐ کا نام لے کر ڈکیتیاں، اغواء برائے تاوان اور دیگر سنگین جرائم کر رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام کو یہ بات بھی اچھی طرح یاد ہوگی کہ کچھ عرصہ پہلے بعض نامی گرامی مذہبی انتہا پسند افراد ایک سیاسی مذہبی جماعت کے لیڈروں کے گھر سے گرفتار ہو چکے ہیں جس سے اہالیانِ کراچی اس بات کا بھی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ان سنگین جرائم میں مذہبی انتہا پسندوں کی پشت پناہی یہی جماعت کر رہی ہے۔

## ایم کیو ایم کے شکایتی سیل میں متاثرین کی جانب سے 2571 درخواستیں موصول ہوئی ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## درخواستوں میں تین ارب 12 کروڑ 94 لاکھ 928 روپے کا کلیم داخل کیا گیا ہے

## صحافیوں کو کراچی اور سندھ بھر میں ہونے والے ہنگامہ آرائی، جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات پر مشتمل دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی

## عزیز آباد میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی ۔۔ (اسٹاف رپورٹر) 31 جنوری 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ سانحہ راولپنڈی کے متاثرین کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کی مختلف شکایتی سیلوں کو کراچی سمیت سندھ بھر سے 2571 درخواستیں موصول ہوئی ہیں جس میں تین ارب 12 کروڑ 94 لاکھ 928 روپے کی معاوضے کی ادائیگی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ان درخواستوں کی چھان بین کی جارہی ہے جس کے بعد متاثرین کو معاوضہ کی ادائیگی کا سلسلہ شروع کر دیا جائے گا۔ اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ موومنٹ وفاقی و صوبائی حکومتوں سے مسلسل رابطے میں ہے یہ بات انہوں نے جمعرات کی سہ پہر عزیز آباد کے خورشید بیگم میموریل ہال میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اراکین رابطہ کمیٹی شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر عاصم اور شاہد لطیف بھی موجود تھے۔ اس پریس کانفرنس کے دوران صحافیوں کو سانحہ راولپنڈی کے حوالے سے کراچی اور سندھ بھر میں ہونے والے ہنگامہ آرائی، جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار پر مشتمل ایک دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے صحافیوں کا سوال و جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ تاثر فی الحال درست نظر نہیں آتا کہ نگراں حکومت متاثرین کو معاوضہ کی ادائیگی کے سلسلے میں تساہلی یا سرد مہری سے کام لے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایم کیو ایم نے ایسا ہوتا ہوا محسوس کیا تو وہ اپنی جاری کوششوں کی رفتار مزید تیز کر دے گی جبکہ ایم کیو ایم سلسلے میں انتہائی سنجیدہ ہے اور نگراں وفاقی و صوبائی حکومتوں سے رابطے میں ہے۔ قائد تحریک الطاف حسین نے لندن میں صدر مشرف سے ہونے والی ملاقات میں بھی اس کا پرزور مطالبہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ متاثرین کی ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے بھی اپنے طور پر اپنے وسائل کے مطابق مدد کی ہے جس کی تشہیر کرنا مناسب نہیں سمجھی گئی ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر نے سانحہ راولپنڈی کے حوالے سے سوگ اور احتجاج کی آڑ میں اپنے ذاتی مقاصد کے حصول کیلئے شہری زندگی کو مفلوج کرنے اور یرغمال بنانے کی کوشش کی جس کا مقصد شہر میں جاری تیز رفتار ترقی کو روکنا بھی تھا۔ انہوں نے کہا کہ ان جیسے واقعات کی روک تھام کیلئے شہریوں اور سول سوسائٹی کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ آئندہ ایسے واقعات پھر رونما نہ ہوں۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ سانحہ راولپنڈی کی ہنگامہ آرائی کے دوران خواتین کی بھی بے حرمتی کی گئی مگر وہ اور ان کے اہلخانہ منظر عام پر آنے سے گریزاں ہیں۔

## ایم کیوایم کی جانب سے 27، دسمبر کے افسوسناک واقعات پر مبنی دستاویزی فلم دکھانے کیلئے خصوصی انتظامات

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)31 جنوری 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی جمعرات کے روز ہونے والی پریس کانفرنس کے موقع پر ایم کیوایم کی کمیونیکیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کی جانب سے جاری کردہ دستاویزی فلم کی نمائش بھی کی گئی۔اس دستاویزی فلم میں 27 دسمبر کو سانحہ راولپنڈی میں پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد کراچی سمیت سندھ بھر میں جرائم پیشہ اور شرپسند عناصر کے ہاتھوں ہونے والی قتل و غارتگری، لوٹ مار، جلاؤ گھراؤ اور دیگر افسوسناک واقعات کے مناظر دو بڑی پلازمہ اسکرین پر دکھائے گئے ہیں۔اس دستاویزی فلم جس کا عنوان خون کی ہولی ہے، میں کراچی اور سندھ میں آبادیوں پر جرائم پیشہ اور شرپسند عناصر کے منظم حملے، ریل کی پٹریاں اکھاڑنے، ریلوے انجن، دکانوں، بینکوں، ملوں، فیکٹریوں، گھروں کو نذرآتش کئے جانے انہیں لوٹنے کے دردناک مناظر پیش کیے گئے ہیں جبکہ اس دستاویزی فلم میں وہ افسوسناک منظر بھی پیش کیا گیا ہے جس میں سندھ کے شہر نیوسعید آباد ہالا میں قرآن پاک سے بھرے ہوئے ایک بڑے ٹرالر کو بھی جلتا ہوا دکھایا گیا جس کے نتیجے ہزاروں قرآن پاک کے نسخے شہید کیے گئے۔

## عوام اپنے اتحاد کے ذریعے مفاد پرستی کی سیاست کا خاتمہ کردیں گے، سردار احمد

## جوہر پارک گلشن اقبال میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔31، جنوری 2008ء۔۔۔ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار برائے پی ایس 116 سید سردار احمد نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کا پیغام ملک بھر کے عوام میں تیزی سے فروغ پا رہا ہے اور انشاءاللہ آئندہ عام انتخابات میں عوام اپنے اتحاد اور ووٹ کی طاقت کے ذریعے ملک سے مفاد پرستی کی سیاست کا خاتمہ کردیں گے۔ اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے جوہر پارک گلشن اقبال میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ وفاق، مکمل صوبائی خودمختاری کو یقینی بنانے اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرے اور قومی مفادات کو ترجیح دیتے ہوئے قومی پالیسیاں بنائے۔

## NDI کی کنٹری ڈائریکٹر اور IFGS کی کمپلین ایڈوائزر نے ایم کیوایم کے مرکز کا دورہ کیا

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری اور شاہد لطیف سے ملاقات

کراچی۔۔۔31، جنوری 2008ء۔۔۔معروف این جی او NDI کی کنٹری ڈائریکٹر SHEILA FRUMAN اور IFGS کی کمپلین ایڈوائزر GRANT KIPPEN نے بدھ کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب احمد بخاری اور شاہد لطیف سے ملاقات کی۔ملاقات میں آئندہ عام انتخابات، ایم کیوایم کے انتخابی منشور، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔دریں اثناء NDI اور IFGS کے وفود نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں قائم ایم کیوایم کے الیکشن سیل اور دیگر شعبہ جات کا دورہ بھی کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کا منشور عوامی امنگوں کے عین مطابق ہے، رضا ہارون

## عوام، حق پرست امیدواروں کو ووٹ دے کر کامیاب بنائیں، فاطمہ ثریا بجیا

کراچی...... 31/جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کا منشور عوامی امنگوں کے عین مطابق ہے اور اس پر عمل درآمد کر کے ہی ملک میں حقیقی تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار برائے پی ایس 115 رضا ہارون نے سوسائٹی بلاک 6 میں امبر ٹاور، امبر کیسل اور شاہین ٹاور منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر علاقے کے معززین محمد ریاض، عمر مقصود، محمد فرید اور معروف ڈرامہ نویس فاطمہ ثریا بجیا نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے رضا ہارون نے ایم کیوایم کے منشور پر روشنی ڈالی اور مستقبل میں ایم کیوایم کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی و بقاء اور ترقی و خوشحالی کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی تبدیلی ناگزیر ہو چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ملکی استحکام اور ترقی کیلئے صوبوں کو مکمل خودمختاری دی جائے، ملک سے دہرے نظام تعلیم کا مکمل خاتمہ ہو، عوام کو بلا امتیاز رنگ، نسل و مذہب ان کے تمام بنیادی حقوق حاصل ہوں اور اختیار سب کیلئے ہو۔قبل ازیں فاطمہ ثریا بجیا نے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کی تاریخ اور اس کے قیام میں بانیان پاکستان کی قربانیوں کا تذکرہ کیا اور موجودہ حالات کی نزاکت کی حوالہ سے وقت کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں نے کراچی کی ترقی کیلئے دن رات جدوجہد کی ہے جسے دنیا بھر میں سراہا جارہا ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو اپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## نام نہادسول سوسائٹی اورانسانی حقوق کی تنظیموں کا کردار متعصّبانہ ہے، رشید گوڈیل

## بہادر یار جنگ کوآپریٹوسوسائٹی کے زیراہتمام منعقدہ انتخابی کارنرمیٹنگ سے حق پرست امیدوار کا خطاب

کراچی ۔۔۔ 31، جنوری 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدور برائے این اے 252 رشید گوڈیل نے کہا ہے کہ نام نہادسول سوسائٹی اور انسانی حقوق کی تنظیموں کا کردار متعصّبانہ ہے۔ بدھ کے روز بہادر یار جنگ کوآپریٹوسوسائٹی کے زیراہتمام کارنرمیٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نام نہادسول سوسائٹی اور انسانی حقوق کی نام نہاد چیمپئن کراچی میں ہونے والے ہرواقعہ پرشور کرتی رہی ہیں اور کراچی کےعوام سے ہمدردی کا دعویٰ کرتی رہی ہیں لیکن 27، دسمبر 2007ء کے بعد نام نہادسول سوسائٹی اورانسانی حقوق کی تنظیموں نے کراچی میں قتل وغارتگری، جلاؤگھیراؤاورلوٹ مار کے واقعات پر مجرمانہ خاموشی اختیار کرکے ثابت کردیا ہے کہ سندھ بالخصوص کراچی کے عوام سے تعصب رکھتی ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملک سے ظلم وستم اور ناانصافیوں کے خاتمے کیلئے غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں اور عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کوووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم خدمت کے بغیر سیاست کومنافقت تصور کرتی ہے، طاہر قریشی، شعیب ابراہیم

## رنچھوڑلائن اورلیاری کے مختلف علاقوں میں انتخابی کارنرمیٹنگوں سے خطاب

کراچی ۔۔۔ 31، جنوری 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نامزدحق پرست امیدوار برائے پی ایس 111 طاہر قریشی اور برائے پی ایس110 شعیب ابراہیم نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایسی سیاست کومنافقت سمجھتی ہے جوخدمت کے جذبے سے عاری ہو۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے ثناء ٹیرس، شومارکیٹ عثمان آباد، غازی نگر، غوثیہ پلازہ، شائل اسکوائر، گھانس منڈی اور مکہ بلڈنگ پرمنعقدہ انتخابی کارنرمیٹنگوں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنرمیٹنگوں میں نوجوانوں، بزرگوں اورخواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔حق پرست امیدواران طاہر قریشی اور شعیب ابراہیم نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندے خدمت کا جذبہ لیکر میدان سیاست میں آئے ہیں اورعوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ظلم وستم اور جبرواستبداد سے ایم کیوایم کوعوامی خدمت کے عمل سے روکانہیں جاسکتااورتمام ترمصائب ومشکلات کے باوجود ایم کیوایم کے نمائندے عوام کی خدمت کرتے رہیں گے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18، فروری کو ہونے والے انتخابات میں اپنے ووٹ کا لازمی استعمال کریں اور حق پرست امیدواروں کواپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم اولڈلیاری، لائنزایریااورکورنگی سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 31، جنوری 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اولڈلیاری سیکٹر کے انچارج شاہد ہوتی کے والد محمد اشرف ہوتی بلوچ، ایم کیوایم لائنزایریاسیکٹر یونٹ 196 کے کارکن وسیم احمد کے والدعبدالحمید خان، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن محمد یونس کے والد حاجی بابواورایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن محمد اسلم کی والدہ محترمہ مہرالنساء کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## ایم کیوایم سندھ بھرمیں پیارومحبت کا پیغام پھیلارہی ہے، ڈاکٹرصغیراحمد

## پاکستان کوارٹرمیں منعقدہ انتخابی کارنرمیٹنگ سے حق پرست امیدوار کا خطاب

کراچی ۔۔۔ 31، جنوری 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نامزدحق پرست امیدوار برائے پی ایس 117 ڈاکٹرصغیراحمد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نفرتوں کی سیاست کے خلاف ہے اورسندھ بھرمیں پیارومحبت کا پیغام پھیلارہی ہے۔ پاکستان کوارٹرز میں منعقدہ کارنرمیٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کوروکنے کیلئے سازشی عناصر کی جانب سے سندھ بھرمیں دہشت گردی اورقتل وغارتگری کرائی اورایم کیوایم کو بدنام کرنے کیلئے منفی پروپیگنڈے کئے لیکن وہ ایم کیوایم کے پیغام حق کوروکنے میں بری طرح ناکام رہے اورآج ایم کیوایم کا پیغام ملک بھرکےعوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے۔ڈاکٹرصغیراحمد نے کہا کہ ایم کیوایم پرامن جمہوری جماعت ہے جونفرتوں کی سیاست کے خلاف ہے اور پیارومحبت کا پیغام پھیلارہی ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ایم کیوایم کے نامزدامیدواروں کوووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

☆☆☆☆☆